دار العلوم کے شب و روز

شفیق الدین فاروقی

دار العلوم کے نئے تعلیمی سال ۲۰۔۱۴۱۹ھ کے داخلوں کا شیڈول :

۲۴ دسمبر کو دار العلوم میں نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی سرپرستی میں دار العلوم کے اساتذہ اور عملہ کا ایک اجلاس دفتر اہتمام میں منعقد ہوا اور اس میں آئندہ نئے تعلیمی سال کے داخلوں کے بارے میں درج ذیل فیصلہ ہوا۔

(درس نظامی)

☆ دورحدیث شریف کے داخلے :(یکم فروری بروز پیر تا ۸ فروری ۹۸ء)

☆ درجہ مؤقوف علیہ : بدھ ۳ فروری تا ۸ فروری ☆ درجہ تکمیل : جمعرات ۴ فروری تا ۸ فروری ☆ درجہ سادسہ :ہفتہ ۶ تا ۸ ☆ درجہ خامسہ : ہفتہ ۶ تا ۸ ☆ درجہ رابعہ :اتوار ۷ ☆درجہ ثالثہ : پیر ۸ ☆ درجہ ثانیہ :منگل ۹ ☆ درجہ اولیٰ : منگل ۹ ☆درجہ متوسطہ : منگل ۹

دار العلوم کے نئے تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز :

انشاء اللہ دار العلوم کے تعلیمی سال (۲۰۔۱۴۱۹ھ) کا آغاز بروز بدھ ۱۰ فروری سے ہوگا۔

شعبہ حفظ : درجہ حفظ میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کی درخواستیں 20 رمضان سے 10 شوال تک دفتر اہتمام میں جمع کی جائیگی۔ حفظ کے خواہشمند طلباء ٹیسٹ اور انٹرویو وغیرہ کیلئے مورخہ 11 فروری بروز جمعرات صبح کو دار العلوم تشریف لائیں۔

درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء : درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کیلئے درخواستیں یکم فروری سے 10 فروری تک وصول کی جائینگی۔ امتحانی ٹسٹ 13 فروری بروز ہفتہ ہوگا۔(نوٹ) : درجہ تخصص میں داخلہ لینے والوں کے لئے ضروری ہے کہ وفاق المدارس سے درجہ عالمیہ میں کامیاب ہوکر ممتاز یا کم از کم جید جدا کی پوزیشن حاصل کی ہو۔ نیز اردو و عربی زبانوں پر بھی مکمل عبور حاصل ہو۔